636-1358
PIC & SAVE
756 WILSON AVE. W.
DOWNSVIEW, ONT.

•

سونی کے ٹی وی اور ریڈیو

بازار سے کم قیمت پر سونی کے ریڈیو، ٹیلی ویژن اور ٹیپ ریکارڈر خریدنے کے لیے فون کیجیے:

493-4374

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ ... ڈالر ہے جو پیشگی ادا کرنا ضروری ہے)

ہماری غلطی

[illegible]

FEEL AT HOME ON THE WAY HOME.

If you're planning to fly home, you have a rare experience in store.

Step aboard our luxurious DC-10s and suddenly you're among friends.

We know the foods you like. We know how to help you unwind. We know all the little things that concern you.

After all, we grew up in the same places.

What about service?

PIA is one of the world's major airlines. Last year we flew 1½ million people to 54 cities on four continents.

Our fleet is among the best maintained. Our flight crews are among the most experienced.

And our departure times from New York are among the most convenient: 10:30 PM Tuesdays and Saturdays, when both the highways and runway are uncrowded.

Call your travel agent or PIA. The good feeling of home begins when you step aboard.

New York (212) 687-1900 • Chicago (312) 263-3082 • Washington, D.C. (202) 296-17.. • Houston ...
Los Angeles (213) 626-0246 • San Francisco (415) YU 2-3294 • Atlanta (414) 364 1375 • Toronto (416) 364 1375
Montreal (514) 861-2495 • Rio de Janeiro 235 4936

آپ کے لیے انجم رومانی کی ایک غزل

[illegible] دیکھتے نہیں
آنکھیں [illegible] دیکھتے نہیں
[illegible]
اپنا [illegible] دیکھتے نہیں
[illegible]
ہم دیکھتے [illegible] دیکھتے نہیں
روشن راہوں سے اندھیرا ہے چار سو
آتا نہیں ہے کچھ بھی نظر دیکھتے نہیں
توفیق ہو تو اپنے دلوں کو ٹٹولیے
باقی نہیں دعا میں اثر دیکھتے نہیں؟
ٹالے ٹل سکیں گے تقاضے یہ وقت کے
کل دیکھنا پڑے گا جدھر دیکھتے نہیں
لیتے ہیں آپ آج بھی انجم خدا کا نام
اپنا بھی آپ نفع و ضرر دیکھتے نہیں

****

لاطینی امریکہ سے ایک نظم

[illegible]

چلی کی خاک
میں تیرے سامنے ناچ رہی
تو پھولوں سے زیادہ نرم ہے
تو شہد سے زیادہ میٹھی ہے
تو وہ زمین ہے جو ایسے جوانمردوں کا خمیر بکھیر رہی ہے
جن کے دل بخار میں بھی تلخی سے خالی ہوں
ایسی زمین جو سبز ترین باغوں کی مالک ہے
تو وہ سنہری زمین ہے جس پر سونے کے ڈھیر
اور سرخ ترین انگوروں کے باغ ہیں
کیسی نرم ہے یہ زمین
اُن قدموں کے لیے جو اس پر چلتے ہیں
اسی گرد اور مٹی سے
ہمارے رخسار بنے ہیں
انہی دریاؤں نے
ہماری ہنسی بنائی ہے
اور یہ دریا کیسا عمدہ بوسہ دیتے ہیں
اُن قدموں کو
جو رقص کرتے ہوئے ان [illegible]
یہاں ایسی چٹانیں ہیں جو منہ کھولے کھڑی ہیں
شاید آنے والے [illegible] یہاں باغ بنے ہوں
شاید یہاں انگور ہی انگور ہوں
جو سکتا ہے [illegible]
ہم یہاں بے شمار [illegible]
آؤ آج رقص کرتے ہیں

*****

چلی کی مشہور شاعرہ — گابری ایلا مسترال پیدائش ۱۸۸۹ء وفات ۱۹۵۷ء لاطینی امریکہ کی واحد خاتون ہے جسے ۱۹۴۵ء میں ادب کا نوبل پرائز ملا۔ ان کی نظم سے [illegible] آپ کی شاعری کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

****

[illegible]

پروفیسر غفور احمد سے ایک ملاقات

اسلم مرزا (ٹورانٹو)

پروفیسر مولانا غفور احمد پاکستان کی نیشنل اسمبلی میں جماعت اسلامی کے راہنما کی حیثیت سے اپوزیشن کے لیڈر اور متحدہ محاذ کے جنرل سیکریٹری ہیں۔ موصوف حال ہی میں ایک دورے کے سلسلے میں ٹورانٹو تشریف لائے تھے۔ اس مختصر قیام کے دوران میں ان سے ملاقات کا موقع ملا وہ بڑے خلوص، گرمجوشی اور خندہ پیشانی سے پیش آئے [illegible] گفتگو کا آغاز یوں ہوا۔

سوال: غفور صاحب! بیرونی ممالک کے دورے پر آپ کب سے اور کتنے عرصے کے لیے نکلے ہوئے ہیں؟

غفور صاحب: تقریباً ایک ماہ کے لیے ہو گذر چکا ہے۔ اب لندن میں چند دن قیام کے بعد واپس پاکستان جا رہا ہوں۔

سوال: آپ کا یہ بیرونی ممالک کا دورہ کسی سیاسی نوعیت کا ہے یا محض اپنے لوگوں سے ملنے اور دینی خدمت کرنے کے لیے؟

غفور صاحب: آپ دین، عوام اور سیاست کو علیحدہ کیسے کر سکتے ہیں؟

سوال: جماعت اسلامی کا منشور اور نظریے کیا ہیں؟

غفور صاحب: یہی سوال ابتدائی دنوں میں ایک بار بھٹو صاحب نے مجھ سے پوچھا تھا۔ ہمارا منشور اور نظریے وہی ہیں جو کہ ایک مسلمان کے ہو سکتے ہیں اور ہونے بھی چاہئیں۔ یعنی اسلامی اصولوں پر کاربند ضابطۂ حیات اور اسلامی طرزِ حکومت۔ یہ بڑی صاف اور عیاں حقیقت ہے کہ جب ہر فرد ان اصولوں پر کاربند ہو گا تو خود بخود اسلامی معاشرہ وجود میں آ جائے گا۔ اور ملکی انتظامیہ کا قیام ان ہی بنیادوں پر استوار ہو گا۔ اور یہی وہ مقصدِ اعلیٰ ہے جس کی خاطر ہم اس جد و جہد میں مصروف ہیں۔

سوال: کیا مستقبل قریب میں سیاسی اعتبار سے جماعت اسلامی کے برسرِ اقتدار آنے کا کوئی امکان ہے؟ یعنی پاکستان میں آئندہ ہونے والے انتخابات کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

غفور صاحب: آئندہ ہونے والے انتخابات ابھی دور ہیں۔ ان کے بارے میں پیشن گوئی کرنا فی الحال قبل از وقت ہو گا۔ البتہ گزشتہ ضمنی انتخابات میں جماعت اسلامی کو بڑی حوصلہ افزا کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ اور لگتا یہ معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اب رفتہ رفتہ حقیقت پسندی کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ اور عوام نے دیکھ لیا ہے کہ سوشلزم کے نام نہاد نعرے ہمارے مسائل نہیں حل کر سکے۔ اور پیپلز پارٹی کا اپنا منشور کافی [illegible] ناقابلِ عمل ہو کر رہ گیا ہے۔

سوال: کیا جماعت اسلامی کی نظر میں پاکستان کے موجودہ سیاسی، معاشی اور اقتصادی یا [illegible] کا کوئی حل موجود ہے؟

غفور صاحب: [illegible] ہمارے مسائل زیادہ تر خود ہمارے پیدا کردہ ہیں عوام بیدار تو ہیں، مگر جمہوری طریقۂ کار اور آزادی سے اس کی پوری طرح واقف نہیں ورنہ برسرِ اقتدار پارٹی جا بجا مختلف موقعوں پر جو دھاندلیاں کر جاتی ہے اس کی روک تھام ہو سکتی تھی۔ قوم کا احساس بیدار، ایمان روشن اور دوبارہ منظم ہو جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ مسائل حل نہ ہوں۔ پاکستان کے عوام میں جب تک دین کی لگن، خودداری کا جذبہ، سچائی اور آزاد رہنے کی تمنا موجود ہے، ہمارا یہ سلسلۂ جد و جہد نہ صرف جاری رہے گا بلکہ جیسے جیسے شدید احساس کے تحت یہ مہم تیز تر ہوتی جا رہی ہے، اس کی کامیابی کے امکان مستقبل قریب میں اور بھی روشن نظر آ رہے ہیں۔

سوال: کبھی وقت پڑا تو کیا جماعتِ اسلامی، نیپ سے مل کر کولیشن فارم کرنا گوارا کرے گی؟

غفور صاحب: ہاں بہ یقین ممکن ہے۔ بشرطیکہ نیپ ہمارے نظریات سے اتفاق پسند کرے۔ بلکہ متحدہ محاذ اسی قسم کی ایک مثال ہے۔ مگر یہ نہ بھولیے کہ اس سلسلے میں نیپ نے ہمارے نظریوں سے پورا اتفاق کیا ہے تب ہی یہ متحدہ محاذ وجود میں آیا۔

سوال: بلوچستان میں جو صورتِ حال رہی اور جو درپیش ہے اس کے بارے میں آپ کیا نظریہ رکھتے ہیں؟

غفور صاحب: میرے خیال میں جمہوری حکومت کو ختم کرنا کوئی دانشمندانہ قدم نہ تھا۔ پاکستان کو بلوچستان کی گڑبڑ سے کوئی ایسا شدید خطرہ لاحق نہیں ہوا تھا جتنی کہ ہوا دی گئی۔ اور ہمارا اب بھی تقاضا ہے کہ جمہوری حکومت کو جتنی جلدی بلوچستان میں بحال کر دیا جائے بہتر ہو گا۔

سوال: [illegible] پاکستانی بیرونی ممالک میں آباد ہیں ان کی الجھنوں اور مسائل کا حل آپ کی نظر میں کیا ہو سکتا ہے؟

غفور صاحب: مختلف ممالک میں آباد پاکستانی مختلف قسم کے مسائل سے دوچار ہیں۔ میرے ذاتی مشاہدے اور علم کے مطابق مغربی ممالک کی بہ نسبت مشرقِ وسطیٰ اور عرب ممالک میں آباد پاکستانی زیادہ مطمئن نظر آتے ہیں کیونکہ وہاں مذہبی عقائد اور ملتے جلتے رسم و رواج اور جغرافیائی اعتبار سے وطن کے قریب اسلامی معاشرے میں رہتے ہوئے انہیں اس قدر دوری اور تنہائی کا احساس نہیں ہوتا اور یورپ، امریکہ و کینیڈا میں رہنے والوں کی طرح انہیں کلچرل، آزادی اور ہماری زندگی کے مادہ پرستانہ معاشرے [illegible] اصلاً امریکہ و کینیڈا میں آزاد پاکستانی اولاد [illegible] ہے۔

سوال: آپ کی نظر میں [illegible] کا حل کیا ہو سکتا ہے؟

غفور صاحب: اس کا ایک ہی مخلص اور واضح حل نظر آتا ہے کہ گھروں کے درمیان فاصلوں اور تعداد کم ہونے کے باوجود پاکستانیوں اور مسلمانوں کو منظم ہو کر ایک کمیونٹی کی شکل میں باہمی اتفاق کے ساتھ ایک مضبوط معاشرے کی بنیاد رکھنی چاہیے۔ ورنہ عین ممکن ہے کہ دین و ایمان اور وطن پرستی کی مشعل جو پاکستان سے آئے ہوئے دلوں میں اب تک روشن ہے وہ آئندہ نسلوں تک پہنچتے پہنچتے معدوم ہو جائے۔

سوال: کیا آپ کو ایسے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے جو یہاں کے معاشرے میں رس بس کر بے حد خوش ہیں؟

غفور صاحب: اگر آپ راحتِ جان اور تسکینِ دل کو محض معقول ذرائعِ آمدنی اور دیگر بلوا آسائش سے تعبیر کرتے ہیں تو اس طرح یہاں پر بظاہر سبھی خوش ہیں۔ لیکن اس کے برعکس اکثر و بیشتر لوگوں میں مجھے ادھورے پن کا احساس، ذہنی اور روحانی بے چینی سی جھلکتی نظر آئی۔ البتہ تھوڑے بہت مطمئن اور خوش وہی نظر آئے جنہوں نے مغربی معاشرے کی کاروباری، بے حس، مشینی اور مصروف دنیا میں رہتے ہوئے بھی خدمتِ خلق کے کچھ مقاصد پیدا کر لیے۔ اور اسی جذبے کے تحت جو دینی تعلیم و تربیت اور سوشل کاموں میں لگے ہوئے ہیں۔

سوال: آپ نے ایک دن کے مختصر قیام کے دوران یہ سب کیسے معلوم کر لیا؟

غفور صاحب میرے اس سوال [illegible] مسکرا دیے اور سامنے میز پر پڑے ہوئے چار جیکس کارڈ کو اٹھا کر بغور دیکھتے ہوئے بولے "[illegible] صاحب کیا یہ ملک [illegible] ہمارے رنگ [illegible] کریڈٹ کارڈوں سے گزر رہا ہے، یعنی ان کا استعمال قطعی ترک کر دیں۔"

اور میں ابھی تک [illegible] سوال کا مرادف [illegible] کی اس چمک [illegible] رہا تھا جیسے کہہ رہی ہو [illegible]

قطرے میں دجلہ نہ دکھائی دے اور جزو میں کل کھیل بچوں کا ہوا، دیدۂ بینا نہ ہوا

**

یوں تو وہ روز کیا کرتے ہیں اقرارِ وفا
وقت آتا ہے تو بے صاف مکر جاتے ہیں

عمر انیس، قد ساڑھے پانچ انچ

کوئی مشکل سی مشکل ہے

دنیا میں اکثر لوگ اپنے چھوٹے قد کی وجہ سے احساسِ کمتری کا شکار رہتے ہیں۔ مگر دنیا میں بہت کم ایسے لوگ ہوں گے جو اپنے لمبے قد کی وجہ سے احساسِ کمتری میں مبتلا ہوتے ہوں۔

مگر امریکہ کی ایک ریاست انڈیانا کی ایک عورت سینڈی ایلن کا قد ساٹھ فٹ پانچ انچ ہے اور زندگی اس کے لیے مسائل کا انبار بنی ہوئی ہے کیونکہ اسے اپنے لیے قد کی ہر چیز خاص طور پر اسپیشل آرڈر دے کر بنوانا پڑتی ہے۔ اس کا بستر، چارپائی بھی جو معمولی طور پر لمبی اور تنگ ہوتے ہیں یہی حال پہننے والے کپڑوں کا ہے۔ نہ تو اس کے ساتھ کوئی شادی پر آمادہ ہے اور نہ کار چلا سکتی ہے، چلانا تو ایک طرف رہا وہ اس میں بیٹھ بھی نہیں سکتی۔ مشکل کا باعث اس کا قد ہے وہ جب کھڑی ہوتی ہے تو یوں لگتا ہے کہ آپ ایک عورت کو نہیں پہاڑ کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ وہ اس وقت دنیا کی سب سے لمبے قد کی عورت ہے تو عورتوں کے عالمی سال کی رو سے عورتوں کے ہاتھ اپنی برتری منوانے کا ایک اور پہلو آ جاتا ہے۔

ایک عام عورت سے بغل گیر ہوتے وقت بڑھیا کی حیرت قابلِ دید ہے۔

سینڈی ایلن کا قد ساڑھے پانچ انچ ہے عمر ۱۹ برس ہے اور وہ انڈیانا کی ایک فرم میں بحیثیت کام کرتی ہے۔ اس کے قد کے بڑا ہونے میں حیران کن کوئی بات بھی نہیں ہے کیونکہ بچپن میں وہ ایک عام لڑکی کی طرح تھی۔ پیدائش کے وقت اس کا وزن ساڑھے چھ پاؤنڈ تھا۔ مگر جب اس کی عمر دس سال ہوئی تو وہ نہ صرف اپنی کلاس میں بلکہ اپنے اساتذہ سے بھی قد آور تھی اور اس کے لیے سکول انتظامیہ کو خاص ڈیسک بنانا پڑا تھا۔ جب اس سے لمبے قد کی مصیبت کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے کہا میرے لیے تو سکول کا زمانہ بھی عذاب تھا اب سکول سے باہر کی زندگی میں بھی یہی

If you are employed and going to have a baby, you're entitled to pregnancy leave.

اگر آپ ملازمت کرتی ہیں اور حاملہ ہیں تو آپ رخصتِ حمل کی مستحق ہیں۔

انٹاریو میں یہ قانون ہے کہ ہر حاملہ عورت خواہ شادی شدہ ہو یا نہیں، بچے کی ولادت کے موقع پر سترہ (۱۷) ہفتے کی بغیر تنخواہ کی رخصت لے سکتی ہے۔ اس قانون میں کل وقتی اور جز وقتی دونوں قسم کے کام کرنے والی خواتین شامل ہیں۔ بشرطیکہ وہ ایک ہی آجر کے ساتھ زچگی سے کم از کم ۱۲ ہفتے پہلے سے کام کرتی ہوں۔

نئی ماں کو یہ گارنٹی ہوتی ہے کہ کام پر واپس ہونے کے بعد سینیارٹی اور دوسری سہولتوں کو کھوئے بغیر وہی چھوڑا ہوا کام یا اس کے مساوی مرتبے کا کام ملے گا۔

کسی حاملہ خاتون کو ایسی معقول وجوہات کی بنا پر ملازمت سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے جن کا تعلق حمل سے بالکل نہیں ہوتا لیکن صرف حاملہ ہونے کی بنا پر کسی ملازم خاتون کو نوکری سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ اس کے لیے انھیں رخصت کا حق ہوتا ہے۔

ایک حاملہ عورت کے لیے ضروری ہے کہ جس دن وہ کام ختم کرنا چاہتی ہے اس سے دو ہفتے قبل اپنے آجر کو تحریری اطلاع دے۔ وہ بچے کی پیدائش سے گیارہ ہفتے پہلے کسی بھی وقت اپنی رخصت شروع کر سکتی ہے۔ لیکن چھ ہفتوں کی رخصت زچگی کے بعد حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اگر آجر یہ چاہتا ہے کہ اس کی ملازمہ اپنی مرضی سے پہلے ہی رخصت لے لے تو آجر کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہوتا ہے کہ اس کی ملازمہ معمول کے کام ٹھیک طرح سے انجام دینے سے قاصر ہے۔

رخصتِ حمل کے دوران ملازمت کرنے والی خاتون بیروزگاری کے الاؤنس کی مستحق ہے (خواہ وہ رخصت ختم ہونے کے بعد پھر سے کام کرنا چاہے یا نہیں) بشرطیکہ زچگی سے پہلے کے سال میں اس کی بیس ہفتے کی مسلسل اور INSURED ملازمت ہو۔ ان بیس ہفتوں میں سے کم از کم دس ہفتے قبل کے تیسویں اور باونویں ہفتوں کے درمیان ہونا ضروری ہے۔

اگر آپ کو رخصتِ حمل کے بارے میں یا کام کرنے والی عورت کے متعلق قوانین معلوم کرنا ہوں تو اس پتے پر لکھیے:-

Ontario 20,
Queen's Park,
Toronto, Ontario.

پھر ہم آپ کو کتابچہ بھیج دیں گے۔

Ministry of Labour
Bette Stephenson, M.D., Minister

Province of Ontario
William Davis, Premier

اندرا گاندھی اور شیخ عبداللہ کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہو گئے

بھارتی وزیر اعظم حالات پر قابو پانے کے لیے سری نگر پہنچ گئیں

سری نگر ـــــ (ریڈیو رپورٹ) بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی مقبوضہ کشمیر کے پانچ روزہ دورے پر آج سری نگر پہنچیں ان کا استقبال کشمیر کے وزیر اعلیٰ شیخ عبداللہ اور ان کی کابینہ کے ارکان اور اعلیٰ افسروں نے کیا۔ مبصرین مسز گاندھی کے اس دورے کو بے حد اہمیت دے رہے ہیں۔ کیونکہ حال ہی میں مقبوضہ کشمیر میں کانگریس کمیٹی اور شیخ عبداللہ میں اختلافات شدید شدت اختیار کر گئے ہیں۔ شیخ عبداللہ نے اپنے حامیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کانگریس کی کمیٹی کی رکنیت کا استعفیٰ دے دیں کیونکہ شیخ صاحب کی پرانی پارٹی کے ساتھ وفاداری کے منظر میں اختلاف کی شدت کے سبب کانگریس کی مرکزی کمیٹی نے ... [illegible]

پاکستان رہوڈیشیا کے خلاف طاقت کے استعمال کی حمایت کرے گا

افریقہ میں اقلیتی حکومتوں کا خاتمہ ہونا چاہیے

ہم قوموں کے حق خود اختیاری کی ہمیشہ حمایت کرتے رہے ہیں

جنرل اسمبلی کی سیاسی کمیٹی میں پاکستانی مندوب کی تقریر

اقوام متحدہ ـــــ (ریڈیو رپورٹ) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں قوموں کے حق خود ارادیت اور اکثریت کی بالادستی کے جمہوری اصول کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے افریقہ میں تمام نسل پرست حکومتوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔ سیاسی کمیٹی میں تقریر کرتے ہوئے پاکستان کے مندوب مسٹر یعقوب یوسف علی نے عالمی ادارے کو آگاہ کیا کہ پاکستان رہوڈیشیا کی اقلیتی حکومت کے خلاف طاقت کے استعمال سمیت ہر اقدام کی حمایت کرے گا۔ انہوں نے کہا پاکستان شروع ہی سے رہوڈیشیا میں یکطرفہ اعلان آزادی کی مخالفت اور مذمت کرتا رہا ہے۔ اس نے قوموں کے حق خود ارادیت اور اکثریت کی حکومت کے اصول کی ہمیشہ حمایت کی ہے۔ پاکستانی مندوب نے کہا اقلیتی حکومتیں نو آبادیاتی علاقوں میں غیر ملکی مفادات کا تحفظ کر رہی ہیں۔ پاکستان نسل پرستی کا شدید مخالف ہے۔ انہوں نے کہا جنوبی افریقہ نے جو ... [illegible] نسل پرستی کے اصولوں کو عملاً نافذ کیا ہے پاکستانی مندوب نے افریقہ میں تحریک آزادی کے لیڈروں کے قتل اور ان پر تشدد کی بھی شدید مذمت کی۔

لاہور ـــــ صدر پاکستان ... [illegible] اکتوبر کو صبح دس بجے ... [illegible] کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گے

مرکزی وزراء ... [illegible] سے عید مل رہے ہیں

ٹورانٹو میں نماز عید پر چندہ

ایم ... [illegible] کی مقامی برانچ کی اطلاع کے مطابق امسال ... [illegible] میں تقریباً ساڑھے چھ ہزار افراد نے نماز عید الفطر ادا کی۔

نماز عید سے قبل جمع کیے گئے چندے کی رقم ۸,۵۲۵ ڈالر تھی ... [illegible] قرآن و سنت کے احکام کے مطابق ... [illegible] تقسیم کیا جائے گا۔

باقی جمع کیے گئے چندے کی رقم ۸۸۸ ... [illegible] ڈالر ہوئی جس میں سے ہال کا کرایہ اور دوسرے اخراجات پر تقریباً ۲ ہزار ڈالر ادا کر دیے گئے۔ باقی رقم ... [illegible] اسلامک ... [illegible] ہو گی۔

ترک قبرصی رہنما ڈنکتاش پاکستان آئیں گے

نکوسیا ـــــ ترک قبرصی رہنما رؤف ڈنکتاش پاکستان اور افغانستان کا دورہ کریں گے وہ ... [illegible] اس دورے پر روانہ ہوں گے سرکاری ترک قبرصی حلقوں نے اس بات کا اعلان کیا

ہم ملک میں اللہ اور اس کے رسول کا نظام قائم کرینگے ؛ نورانی

پھر اللہ سے معافی مانگیں ؛ مولانا عبدالستار نیازی

لاہور ـــــ ... [illegible] جمعیت علمائے پاکستان کے صدر ... [illegible] مولانا شاہ احمد نورانی نے اعلان کیا ہے کہ جمعیت ملک میں نظام مصطفیٰ کے قیام کے لیے جدوجہد کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہم اس ملک میں کسی جاگیردار، وڈیرے یا سرمایہ دار کا اقتدار نہیں چاہتے۔ ہم ملک میں صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اقتدار چاہتے ہیں۔ وہ آج شاد باغ میں حلقہ نمبر ۵ کے ضمنی انتخاب کے موقع پر ایک انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ جلسے سے جمعیت علمائے پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالستار نیازی، جمعیت علمائے پاکستان صوبہ پنجاب کے ناظم اعلیٰ ملک محمد اکبر ساقی، نائب صدر مولانا مفتی مختار احمد اور حلقہ نمبر ۵ سے جمعیت کے امیدوار مولانا احمد علی قصوری نے بھی خطاب کیا۔ مولانا شاہ احمد نورانی نے کہا کہ جمعیت ملک میں جمہوری عمل کو جاری رکھنے اور موجودہ حکومت کی آمریت اور فسطائیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ضمنی انتخابات میں حصہ لے رہی ہے۔ ... [illegible] جمعیت کراچی میں قومی اسمبلی کے ضمنی انتخاب اور لاہور میں پنجاب اسمبلی کے ضمنی انتخاب میں حصہ لے رہی ہے انہوں نے کہا اگر جمعیت کو اقتدار کی خواہش ہوتی تو آج ہم کرسیوں پر ہوتے۔ جس کی ہمیں متعدد بار پیش کش کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ مسٹر عبدالقیوم خان، وفاقی وزیر ... [illegible] احمد اور مولانا کوثر نیازی اس امر کے گواہ ہیں کہ ہمیں وزارتوں اور سفارتوں کی پیش کش کی گئی لیکن ہم نے اسے مسترد کر دیا اور ہمیشہ یہ جواب دیا کہ ہم ملک میں اسلام کی حکومت چاہتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علمائے پاکستان کا ماضی بے داغ ہے اور اس نے گزشتہ چار سال میں سوشلزم سے سودا نہیں کیا انہوں نے کہا کہ سوشلزم سے سودا کرنا ایسے ہی ہے جیسے شیطان سے ... [illegible] کر لی جائے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکمران جماعت کا سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ اسلامی اصولوں سے حکومت کرنے کا وقت نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ملک میں مسلمانوں کے دلوں میں آپس میں نفرت پیدا کی جا رہی ہے اور صوبہ سندھ میں سندھی پنجابی اور مہاجر کو ایک دوسرے سے جدا کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم پر پیسے، منشیات، سرمایہ دار اور حکومت سے بات چیت کرنے کا الزام نہیں لگایا جا سکتا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم ملک میں اللہ اور اس کے رسول کا نظام قائم کریں گے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی نے عوام پر زور دیا کہ وہ منفی سیاست کو ترک کر دیں اور ایک غلط عنصر کو ختم کرنے کے لئے دوسرے غلط شخص کی حمایت نہ کریں انہوں نے ملک غلام مصطفیٰ کھر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ اللہ سے معافی مانگیں اور اگر ان کے دل میں اسلام سے محبت اور خلوص ہے تو آئیں اور ملک میں نظام مصطفیٰ کی جدوجہد میں ہمارے ساتھ شریک ہو جائیں عام انتخابات کا فیصلہ کیے بغیر کیوں نہ ہم الیکشن سے پہلے ملک میں نظام مصطفیٰ کے قیام کے لئے بھرپور تحریک چلائیں گے اور اس کے نفاذ کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے

بلوچستان میں اعلیٰ قسم کے لوہے کے ذخائر

کوئٹہ ـــــ (اے پی پی) شمالی بلوچستان میں ... [illegible] سے اعلیٰ قسم کے لوہے کا خام مواد دریافت ہوا ہے۔ یہ انکشاف گزشتہ روز وفاقی وزیر پیداوار مسٹر رفیع رضا اور وفاقی وزیر برائے ایندھن بجلی و قدرتی وسائل مسٹر یوسف خٹک کے دورہ کوئٹہ کے موقع پر تیل کی تلاش میں کنوئیں کھودنے والے ماہرین نے کیا۔ وزراء کو بتایا گیا کہ چمن کے قریب ... [illegible] کے علاقوں میں علی الترتیب ... [illegible] اعلیٰ درجے کا خام لوہا موجود ہے اور پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے زیر اہتمام تیل کے لیے کنوؤں کی کھدائی میں مزید لوہا دریافت ہونے کا امکان ہے۔ یہاں جس مقدار میں لوہا ملا ہے اس کی موجودگی میں یہاں فولاد کا چھوٹا سا کارخانہ قائم ہو سکتا ہے مسٹر رفیع رضا نے مشورہ دیا کہ تیل کے لیے ڈرلنگ جاری رکھی جائے تاکہ اس اثنا میں حکومت فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کے منصوبے پر مزید غور کر سکے۔ بعد میں دونوں وزراء نے سینڈک میں تانبے کی کھدائی کا کام دیکھا۔

ملک عبدالقیوم وزیر محنت بھی ہوں گے

لاہور ـــــ (اے پی پی) حکومت پنجاب کے ایک پریس نوٹ کے مطابق ملک عبدالقیوم وزیر صحت پنجاب کو وزیر اعلیٰ مسٹر صادق حسین قریشی نے محکمہ اطلاعات ثالثی محکمہ محنت کا قلمدان بھی تفویض کر دیا ہے۔

HARIS INTERPRISES PRESENTS

بہترین موسیقی اور لاجواب گانوں

سے بھرپور فلم

شیراں دے پتر شیر (پنجابی)

ستارے : شدھیر، فردوس، سید بخاری، ساون، سلمیٰ ممتاز

شرح ٹکٹ ۲ ڈالر

بچوں کا داخلہ مفت

ON OCTOBER 18 & 19

DAILY 3 SHOWS AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM

AT RELAX CINEMA

344 COLLEGE ST. (2 BLOCKS WEST OF SPADINA)

FOR INFORMATION CALL: 424-2925 OR 922-0222

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر میر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY

614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

FOR SALE

MUZAFFAR

REAL ESTATE BROKER

226-5454

MORTGAGES

APPRAISALS

COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیے ہر وقت تیار پائیں گے۔

FOR SALE

MUZAFFAR

REAL ESTATE BROKER

226-5454

MORTGAGES

APPRAISALS

COMPLETE SERVICES

... [illegible]

کی گرانٹ کی وضاحت کے لیے تشریف لائیے

2001 [illegible] VIEW AVENUE WILLOWDALE ONTARIO [illegible]2K 1E6

(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

Please Visit Us for

FRESH HALAL MEATS, ALL KINDS OF SPICES, ALL KINDS OF DALLS, PICKELS, FRESH VEGETABLES & TROPICAL FRUITS ETC.ETC.

PANDORA VARIETY

118 PANDORA AVE., [illegible], KITCHENER, ONT.

PHONE: [illegible]44-4041

OPEN DAILY FROM 9.00 AM TO 10.00 PM

ON WEDNESDAY OPEN FROM 6 00PM TO 10.00PM ONLY

اب لوگوں کو سبز باغ دکھانے کی سیاست نہیں چل سکے گی

عوام پر حالیہ تشدد کی مثال ایوبی دور میں بھی نہیں ملتی: غلام مصطفےٰ کھر

مساجد کو مسلمانوں کی اجتماعی اور ملی سرگرمیوں کا مرکز بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی

مکہ مکرمہ میں بین الاقوامی مسجد کانفرنس کا فیصلہ

مسجد اقصیٰ کے بارے میں ایک مستقل کمیٹی قائم کر دی گئی

صدر فورڈ اور عزیز احمد

میں باہمی دلچسپی کے

امور پر بات چیت

انڈس سپر ہائی وے کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا

تعمیر پر تین ارب دس کروڑ روپے خرچ ہونگے

پاک افغان سرحد پر تصادم کے خطرے کے بارے میں بھارتی ریڈیو کی خبر بے بنیاد اور من گھڑت ہے

نئی رستوں کو بہتر بنانے اور حصول اراضی کے لیے امریکہ پاکستان کو بہت بڑا قرضہ دیگا

If you are 65 or older, you are probably entitled to Ontario's new Senior Citizens' Privilege Card.

These are the privileges Ontario offers you.

انٹاریو کے ۶۵ سال اور اس سے زیادہ عمر کے ساڑھے سات لاکھ شہریوں کو نئے رعایتی کارڈ بھیجے گئے ہیں۔ یہ کارڈ وزارت صحت کے جاری کردہ ماہانہ ادویات کے کارڈ کا بدل ہیں۔

ادویہ کی مفت خدمات کے ساتھ ساتھ یہ کارڈ ان تمام معمر شہریوں کو ڈاکٹر کی نسخہ یافتہ ہزاروں سو سے زائد ادویات مفت فراہم کرتا ہے جو وفاقی حکومت کی OLD AGE SECURITY یا انٹاریو کے GUARANTEED ANNUAL INCOME (GAINS) SYSTEM کے چیک حاصل کرتے ہیں۔

یہ نیا رعایتی کارڈ درج ذیل سہولتیں فراہم کرتا ہے:

- انٹاریو کے تمام صوبائی پارکوں میں مفت داخلہ۔
- کئی تاریخی، تہذیبی اور تفریحی مقامات میں مفت یا مقررہ شرح سے کم داخلہ فیس — مثلاً انٹاریو پلیس، انٹاریو سائنس سنٹر، UPPER CANADA VILLAGE اور ROYAL BOTANICAL GARDENS۔
- کئی تجارتی اداروں میں معمر شہریوں کو خصوصی ڈسکاؤنٹ۔
- بعض عوامی سواریوں میں معمر شہریوں کے لیے رعایتی شرح ٹکٹ (اپنے مقامی ذرائع آمد و رفت سے معلوم کیجیے کہ ان کی جانب سے ایسی سہولت مہیا ہے یا نہیں؟)۔
- کمیونٹی کے مشاغل اور معمر شہریوں کے مراکز میں شرکت۔

اگر اس وقت آپ کو ماہانہ ادویات کا کارڈ مل رہا ہے تو معمر شہریوں کا نیا رعایتی کارڈ آپ کو خود بخود مل جائے گا۔ فوری اس پر دستخط کیجیے۔ اپنی دستخط کے بغیر آپ یہ کارڈ استعمال نہیں کر سکتے۔

اگر آپ کی عمر ۶۵ سال یا اس سے زیادہ ہے اور آپ پچھلے بارہ مہینوں یا اس سے زیادہ عرصے سے انٹاریو میں رہتے ہیں اور ۳۰ ستمبر تک آپ کو اپنا نیا رعایتی کارڈ نہ ملا ہو تو

اس پتے پر لکھیے:۔

Ontario Senior Citizens' Privilege Card
(Drug Benefit)
Queen's Park
Toronto, Ontario M7A 2S3

اگر آپ ۶۵ سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں لیکن آپ کو انٹاریو میں رہتے ہوئے ابھی بارہ مہینے پورے نہ ہوئے ہوں تو آپ ایک عارضی رعایتی کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو سوائے ادویات کے وہ تمام رعایتیں ملیں گی جو دوسروں کو مہیا ہیں۔ اس پتے پر لکھیے:۔

Ontario Senior Citizens' Privilege Card
Box 21000
Station "A"
Toronto, Ontario M5W 1Y5

Ministry of Community and Social Services
Rene Brunelle, Minister

Government of Ontario
William Davis, Premier

HARIS ENTERPRISES PRESENTS

امراؤ جان ادا
(رنگین)

ہدایتکار: حسن طارق
فلمساز: رابعہ حسن
مصنف: سیف الدین سیف
موسیقی: نثار بزمی

ستارے: رانی، شاہد، سریر علی، عمر الدین، ۔۔۔

Presents Many Award Winners Movie, Glamour of Lucknow

"UMRAO JAN ADA"

AT ENGLISH SUBTITLES COLOUR

RELAX CINEMA
344 COLLEGE STREET
(Two Blocks West of Spadina Ave.)

FOR INFORMATION CALL: 424-2925 OR 922-0222

کمشنر … کے حوالی … بالوں سے چرس کے پیکٹ نکال رہا ہے

فٹ بالوں میں چرس بھر کر کینیڈا اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی

سیالکوٹ کی ایک فرم نے اپنا مال لاہور سے بک کرایا تھا

لاہور — … ہزاروں … فٹ بالوں میں پیکٹوں کی صورت میں رکھی گئی تھی کسٹم کے محکمے نے تحقیقات شروع کر دی ہے بیان کیا جاتا ہے کہ سیالکوٹ کی ایک فرم کی طرف سے ایک پارسل بک کرایا گیا جسے کینیڈا بھیجا جانا تھا کسٹم کے عملے کے انسپکٹر … کو اس پارسل پر شبہ گزرا انہوں نے اس کو جب کھولا تو ہر ایک فٹ بال میں ایک پیکٹ چرس موجود تھی … فٹ بالوں سے نکال لیا گیا … سیالکوٹ کی جس فیکٹری نے یہ پارسل بک کروایا تھا اس فیکٹری کے پاس برآمدی لائسنس بھی ہے … کسٹم کا عملہ اس فیکٹری کے مالک کی تلاش میں ہے … کسٹم … کی نگرانی میں ہو رہی ہے۔

ن۔م۔ راشد انتقال کر گئے

ادبی حلقوں میں یہ خبر بڑے افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ اردو کے مشہور ترقی پسند شاعر ن۔م۔ راشد کا حرکت قلب بند ہو جانے سے پچھلے ہفتے انتقال ہو گیا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

ہمیں یہ افسوسناک اطلاع مرحوم کے کینیڈا میں مقیم ایک عزیز … نے پہنچائی۔

ادارہ مرحوم کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور مرحوم کی موت کو اردو ادب کا بہت بڑا نقصان تصور کرتا ہے۔

مرحوم کا پورا نام نذر محمد راشد تھا۔

ہلاک ہونے والے کانکنوں کی تعداد ۱۷ ہو گئی

پندرہ کا تعلق سوات سے اور دو کا آزاد کشمیر سے ہے

کان میں ابھی تک زہریلی گیس بھری ہوئی ہے

کوئٹہ … گزشتہ روز … کان میں … ہلاک ہونے والوں کی تعداد سترہ تک پہنچ گئی ہے … زہریلی گیس … تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے … پندرہ کا تعلق سوات سے اور دو کا آزاد کشمیر سے ہے …

پاک بھارت تعلقات معمول پر لانے کی کوششیں بارآور ہو رہی ہیں

پاکستان ایٹمی ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے ہر اقدام کی حمایت کریگا

افغانستان کی معاندانہ روش ختم ہوئے بغیر اس کے ساتھ تعلقات بہتر نہیں ہونگے

جنرل اسمبلی سے عزیز احمد کا خطاب

اقوام متحدہ — … پاکستان … بھارت کے ساتھ … تعلقات قائم کرنے کی کوششیں جاری رکھے گا … جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے … بنگلہ دیش کے ساتھ … افغان وزیر … پاکستان افغانستان سے بھی اپنے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش جاری رکھے گا …

پاکستان کے … مسٹر عزیز احمد نے … جنرل اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے … بھارت کے ایٹمی دھماکے کا ذکر کرتے ہوئے … ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے … اقدامات کی حمایت کریگا …

کریسنٹ

اپنے دوست احباب کے نام بطور تحفہ جاری کرائیے یہ آپ سال بھر آپ کی یاد دلاتے گا!

بحالی جمہوریت کیلئے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کا وقت آگیا ہے: اکبر بگٹی

پنجاب ہمارے حقوق نہیں چھین رہا

لاہور — (نامہ نگار خصوصی) بلوچستان کے سابق گورنر نواب محمد اکبر خان بگٹی نے کہا ہے کہ ایک مشترکہ سیاسی پلیٹ فارم کی تشکیل کے لیے متحدہ جمہوری محاذ کے رہنماؤں، تحریک استقلال کے سربراہ … بلوچستان اور سرحد کے لیڈروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ ملک میں بحالی جمہوریت اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے … تمام لوگ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں … نواب اکبر بگٹی نے … کہا کہ بھارت اور برصغیر … کنفیڈریشن … صوبائی خودمختاری کے ضمن میں ایک سوال پر نواب اکبر بگٹی نے کہا … پنجاب ہمارے حقوق نہیں چھین رہا …

صدائے پاکستان ریڈیو پروگرام

ہر اتوار شام ۸ تا ۸½ بجے

RADIO CHIN 101 FM



وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں رشتہ داروں کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو … براہ راست پاکستان بھجوائیے

… کی تکمیل کا مرکز



AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. Box 368 STATION "J"
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO CANADA
Phone: (416) 459 0620

WILL PROVIDE FRESH HALAL GOAT, LAMB, BEEF, VEAL, CHICKEN MEATS, ALL KINDS OF DALLS, SPICES, PICKLES, FRESH VEGETABLES AND TROPICAL FRUITS AND HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ہیملٹن میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

… کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے

Asian Food Market

414 KING STREET EAST
at VICTORIA AVE
HAMILTON
7 DAYS A WEEK
PHONE: 528-8184

پندرہ روزہ
کریسنٹ
سوڈبری، کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

سُن رکھو کہ اللہ کے دوستوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

جمعہ کو ہفت روزہ رخصت

رخصت ہونی چاہیے ... حوالے سے بعض اخبارات کے کالموں کے علاوہ بھی منظور ... ہیں اس مطالبہ پر بحث ہو رہی ہے اور اس بات پر حیرت ظاہر کی جاتی ہے کہ آخر جمعہ کو ہفت روزہ رخصت میں کیا رکاوٹ ہے؟ اس سوال کا کوئی واضح اور مثبت جواب دینا تو بے حد مشکل ہے، بہرحال یہ حقیقت ہے کہ اس پرزور اور مسلسل عوامی مطالبہ کی کوئی اصولی مخالفت تو نہیں کی جاتی لیکن اس سے ہمدردی و اتفاق کے اظہار کے باوجود اس پر عمل درآمد بھی نہیں کیا گیا۔ چنانچہ اس تضاد پر حیرت کا اظہار بالکل بجا ہے۔ سب سے پہلے ۱۹۵۱ء میں قومی اسمبلی میں اس سلسلہ میں ایک قرارداد پیش کی گئی تھی، جس کا اعادہ ۱۹۶۲ء میں ایک مشرقی پاکستانی رکن افتخارالدین احمد نے قومی اسمبلی میں کیا تھا۔ دسمبر ۷۱ء کے بعد نئے دور میں صاحبزادہ صفی اللہ نے اسی سلسلہ میں ایک قرارداد پیش کی تھی، جس پر قومی اسمبلی کی ایک خصوصی کمیٹی نے پوری طرح غور کرنے کے بعد جون ۷۳ء میں یہ متفقہ سفارش کی تھی کہ پاکستان میں ہفت روزہ تعطیل جمعہ کو ہونی چاہیے۔ اس سے خارجہ تجارت وغیرہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ خیال تھا کہ اس کے بعد اس دیرینہ قومی مطالبہ کو پورا کرنے میں کوئی تاخیر نہیں ہو گی لیکن جمعہ کی چھٹی کو بھی شراب خانہ خراب پر پابندی کے مطالبہ کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے کہ اس سے عام اتفاق کیا جاتا ہے کوئی بھی حلقہ برملا طور پر اس کی مخالفت نہیں کرتا لیکن اس پر عملدرآمد کی ساعت سعید طلوع ہونے میں نہیں آتی۔

قیام پاکستان کے بعد اسلامی تعلیمات و شعائر کی مناسبت سے جن مطالبات کی ہر دور میں عوامی سطح پر پوری ہم نوائی کی گئی ان میں اتوار کے بجائے جمعۃ المبارک کو ہفت روزہ رخصت کرنے کا مطالبہ خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ ان دنوں نیویارک میں شائع ہونے والی ایک کتاب "پاسپورٹ اینڈ پرنٹس" کے حوالے سے اس دیرینہ مطالبہ کی ایک بار پھر صدائے بازگشت سننے میں آرہی ہے جس کے مصنف رچرڈ جی لیوریز نے عالم اسلام کے ضمن میں کہیں یہ بات بھی لکھ دی ہے کہ پاکستان کے سوا تمام مسلم ملکوں میں اتوار کے بجائے جمعہ کو ہفت روزہ ...

*

بے خبری یا دانستہ فریب

رفیق حنیف نقشبندی

"ہم ساری دنیا سے مذہب کو مٹا کر دم لیں گے" — لینن

پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ مسٹر حنیف رامے نے کچھ عرصہ تک خاموشی کے بعد ایک مرتبہ پھر قومی سطح پر مانگ میں سرخی بھرنے کا ذکر ضروری سمجھا اور پچھلے دنوں ملتان میں "سرخ سویرا" کی نوید دیتے ہوئے یہ دور کی کوڑی لائے کہ انقلاب آنے سے پہلے ہی ہمیں اپنے آپ پر انقلاب مسلط کر لینا چاہیے۔ یہ انقلاب کس قسم کا ہونا چاہیے؟ اس کا سمجھنا مشکل نہیں کیونکہ موصوف اپنی آخری بجٹ تقریر اور اس کے بعد ویت نام کے کمیونسٹوں کی مثال پیش کرکے سرخ انقلاب لانے کی بات کرتے رہے تھے جس کا تذکرہ اب انہوں نے ملتان یا پھر اپنے تازہ انٹرویو میں (نوائے وقت ۱۴ ستمبر) کیا ہے۔ ... ۱۹۷۱ء میں بعض سازشوں کے تحت ہمارے مشرقی بازو میں اسلامی جذبے کو جو اضمحلال اور لادینی طاقتوں کو فروغ حاصل ہوا۔ ان صاحب نے اسے برصغیر میں اپنے مخصوص انقلاب کا آغاز قرار دیتے ہوئے باقی ماندہ پاکستان کے مسلمانوں کو دعوت دی ہے کہ وہ انقلاب کی آمد سے قبل ہی اسے خود پر مسلط کریں۔ یعنی کمیونزم اور مکمل بے دینی کے آنے سے پہلے ہی کمیونسٹ اور بے دین ہو جائیں؟

اپنے انٹرویو میں موصوف نے حسب معمول جمہوریت اور سوشلزم کو خلط ملط کرنے کی کوشش کی اور اس بات پر زور دیا کہ "اگر اسلام میں سوشلزم نہیں ہے تو جمہوریت بھی نہیں ہے اور جو لوگ اسلام میں جمہوریت کو مانتے ہیں وہ سوشلزم کو بھی تسلیم کریں"۔ اس دعویٰ کی بنیاد پر یہ فتویٰ دیا کہ "اسلام میں نہ صرف سوشلزم کا پیوند لگ سکتا ہے بلکہ سوشلزم کے بغیر اسلام ترقی نہیں کر سکتا اور سوشلزم کی صرف وہی لوگ مخالفت کر رہے ہیں جو اسلام کو ترقی کرتا اور پھلتا پھولتا نہیں دیکھنا چاہتے"۔ .... ایسے بیان پر یہی کہنے کو دل چاہتا ہے کہ ع

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا

یا تو یہ صاحب سوشلزم کی ابجد سے بھی بے خبر ہیں یا پھر وہ مسلمانوں کو دانستہ فریب دینا چاہتے ہیں ورنہ ہر شخص جانتا ہے کہ سوشلزم ایک مستقل نظام ہے اور جس طرح اسلام کی اساس اقرار خدا اور توحید پر ہے بالکل اسی طرح سوشلزم کی اساس انکار خدا اور الحاد پر ہے۔ اس کی تصدیق سوشلزم اور کمیونزم کے بانیوں کی تقاریر سے ہو جاتی ہے۔

•• کارل مارکس نے اپنی مشہور کتاب داس کیپیٹال میں صاف صاف لکھا ہے کہ "یہ صحیح نہیں ہے کہ خدا نے انسان کو پیدا کیا بلکہ صحیح یہ ہے کہ خود انسان نے خدا کو پیدا کیا ہے ورنہ درحقیقت خدا کا کوئی وجود نہیں ہے"۔

•• کارل مارکس کے نظریہ کو عملی جامہ پہنانے والے لینن نے اقتدار سنبھالنے کے ڈھائی سال بعد اپنی تقریر میں بڑی بیباکی سے یہ بات کہی تھی کہ "لوگ ہم پر یہ طنز کرتے ہیں کہ تم منکر خدا ہو، تو یہ لوگ سُن لیں کہ ہم صرف اپنے بے دین اور منکر خدا ہونے پر اکتفا نہیں کریں گے بلکہ ہمارا یہ مشن ہے کہ ہم ساری دنیا سے دین کو مٹا کر دم لیں گے"۔

"یہ صحیح نہیں کہ خدا نے انسان کو پیدا کیا، بلکہ صحیح یہ ہے کہ خود انسان نے خدا کو پیدا کیا ہے۔"
— کارل مارکس

•• اس کے جانشین اسٹالن نے تو یہ اعلان کرنا بھی ضروری سمجھا کہ "ہم سوشلسٹ ہیں، ہمارا کوئی مذہب نہیں ہے۔ دنیا کے تمام مذاہب سے محرومی اور مذہب اسلام سے ہماری خصوصی دشمنی ہے"۔ (سوویٹ مینی فسٹو جمع یلن گراڈ)

اپنے اسی اعلان کو اسٹالن نے اپنی زندگی کے مختلف ادوار میں کم از کم پندرہ بیس مرتبہ دہرایا جس کی تفصیل "بیان اسٹوریہ" جلد بغداد میں کئی جگہ موجود ہے۔ عراق کی موجودہ حکومت بڑی حد تک روسی نظریات کو اپنائے ہوئے ہے اور سوشلزم کی نشر و اشاعت اور بزور قوت اسے نافذ کرنا اپنا فریضہ سمجھتی ہے۔ اس نے عراق میں، قیام کے دوران مجھے ان کی بیشمار کتابوں کو پڑھنے کا موقع ملا جن میں سوشلسٹوں نے بار بار یہ اعلان کر کے خوب کہا ہے کہ دین و مذہب سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے ہم ہر مذہب کے عام طور پر اور اسلام کے خاص طور پر دشمن ہیں۔

حیرت کی بات تو یہ ہے کہ ان حقائق کی موجودگی میں یہ صاحب کہتے ہیں کہ سوشلزم کی مخالفت کرنا ان لوگوں کی روش ہے جو جدید دور میں اسلام کو سرفراز نہیں دیکھنا چاہتے! کیا رامے صاحب فلاح سوشلزم سے اتنے ہی بے خبر ہیں؟ یا ان کے نزدیک اسلام کی سرفرازی کا مطلب یہ ہے کہ اس پاک سرزمین پر کمیونسٹوں کا تسلط قائم ہو جائے وہ عرصہ سے کہہ رہے ہیں کہ سوشلزم سے ہمارا مطلب اسلام کا قانون عدل و انصاف ہے اگر وہ واقعی یہی سمجھتے ہیں تو پھر سوشلزم کے بجائے صرف اسلام کا نعرہ کیوں نہیں لگاتے؟ کیا اس لئے کہ پھر اس "سرخ سویرے" کی گنجائش باقی نہیں رہتی جس سے وہ اپنی مانگ میں سیندور بھرنا چاہتے ہیں۔ کیا اس کے بعد بھی اس بات میں کوئی شک و شبہ رہ جاتا ہے کہ وہ اس مملکت خداداد میں ایک مکمل کمیونسٹ انقلاب لانا چاہتے ہیں؟؟؟

کتنی حیرت کا مقام ہے کہ پونے چار سال قبل پاکستان صرف اس لئے دو ٹکڑے ہو گیا تھا کہ دینی اقدار اور اسلامی جذبات مضمحل اور علاقائی تعصبات پروان چڑھ گئے تھے۔ اس کے باوجود پاکستان کے باشندوں کو دین سے اپنا رشتہ توڑنے کا مشورہ دینے والے صاحب یہ نہیں جانتے کہ یہ صرف اسلام کا رشتہ تھا جس کی وجہ سے ہزاروں میل کا فاصلہ حائل ہونے کے باوجود مشرقی اور مغربی پاکستان ایک جسم کے دو بازو تھے لیکن جب اس رشتہ کو پس پشت ڈال کر علاقائیت کو بڑھایا گیا تو پھر دونوں حصوں میں کوئی رشتہ باقی نہ رہا! کیا پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ یہ چاہتے ہیں کہ پاکستانی مسلمانوں کا مذہب سے رہا سہا رشتہ توڑ دیا جائے اور ہم بھی انہی نتائج سے دوچار ہوں جن سے ہمارے مشرقی بازو کے عوام دوچار ہوئے اور کیا وہ اس بات کے آرزومند ہیں کہ اندرا گاندھی یا کسی اور ہندو حکمران کو ــ خدانخواستہ ــ ایک دفعہ پھر یہ اعلان کرنے کا موقع ملے کہ مذہبی بنیادوں پر کوئی ملک قائم نہیں رہ سکتا اور ہم نے دو قومی نظریہ کو خلیج بنگال میں غرق کر دیا۔

فرمودۂ اقبالؒ

دم عارف نسیم صبح دم ہے
اسی سے ریشۂ معنی میں نم ہے
اگر کوئی شعیب آئے میسر
شبانی سے کلیمی دو قدم ہے!

(بال جبریل)

نور بصیرت

جمال ...

نیا روحانی دور

ایک نئے روحانی دور کا آغاز ہو رہا ہے، کہ جیسے سائنس نے ... جدید سائنس اللہ تعالیٰ پر بھی ایمان رکھتی ہے اور کائنات کے ختم ہو جانے پر بھی۔ اس کے جبر و قدر کے نظریات بھی ختم ہو چکے ہیں۔ آخری تجزیہ میں مادہ محض نور اور توانائی نظر آیا ہے گویا مادیت پر جس ساری عمارت کو کھڑا کیا گیا تھا وہ دھڑام سے نیچے گر چکی ہے۔

تقریباً تین سو سال پہلے جب یورپ میں جدید سائنس کی ابتدا ہوئی تھی، تو ان تمام امور سے جو ظاہری حواس کی گرفت میں نہیں آتے تھے، انکار کر دیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے انکار، موت کے بعد زندگی کے تسلسل اور اعمال کے نتائج (آخرت) سے انکار۔ فرشتوں سے انکار۔ انبیاء سے انکار۔ زور اس بات پر تھا کہ یہی دنیا سب کچھ ہے۔ نہ تم کسی کے سامنے جوابدہ ہو، نہ موت کے بعد کوئی زندگی ہے۔ اگر یہی زندگی سب کچھ ہے، تو پھر یہاں دولت ہی سب کچھ ہے، اس لیے جیسے چاہو دولت کماؤ تم کسی کے سامنے جوابدہ نہیں۔ اس لیے جیسے چاہو، دولت خرچ کرو۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ایک طرف سود اور جوا عام ہوا۔ دوسری طرف فحاشی اور بےحیائی بڑھی۔ سچے خدا کو چھوڑا۔ تو وطنیت کے بُت کو پوجنے لگے۔ اس جدید بت پرستی نے دو عظیم جنگوں کی صورت میں لاکھوں مردوں کی جانیں اور عورتوں کی آبروئیں چھینیں۔ اب یورپ اپنے اس خنجر تہذیب سے خود ہی زخمی ہو کر خاک پر لوٹ رہا ہے۔ یورپی اقوام کی وسیع و عریض سلطنتیں ختم ہو چکی ہیں۔ اور نام نہاد تہذیب جدید کے یہ علمبردار اب ہپی ازم کی صورت میں حیوانات سے بھی پست تر زندگی اختیار کیے پھرتے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ مادیت سے اکتاہٹ اب انہیں جوگیوں اور جادوگروں کی طرف لے جا رہی ہے۔ گویا وہاں اب اخلاقی اور ذہنی پستی کی انتہا ہو گئی ہے۔

پاکستان میں بھی اگرچہ یورپ کے ان نئے رجحانات کے کچھ اثرات نظر آتے ہیں، مگر یہاں زیرلب ایک اور عمل بھی پرورش پا رہا ہے اور یہ اسلام کی سچی روحانیت کی طرف رجحان کا عمل ہے۔

حدیث نبوی

... تمہارے پاس کسی قوم کا شریف آدمی آ جائے تو اس کی عزت کرو، ... جو بھی نوجوان کسی بوڑھے کی اس کی عمر کی وجہ سے تعظیم کرے گا اللہ اس نوجوان کے لیے ایسا شخص مقرر فرمائے گا جو اس کی ضعیفی کے وقت اس کا احترام کرے گا۔ جب آدمی اپنے بھائی کا احترام کرتا ہے تو وہ اپنے رب کا احترام کرتا ہے۔ جس نے ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کی اور چھوٹے پر رحم نہ کیا وہ ہم میں سے نہیں۔

حکایتِ رومی

جاہلیت کی جوانی اسلام کا بڑھاپا

ایام جوانی میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ہمیشہ جنگوں میں زرہ پہن کر شریک ہوتے تھے لیکن آخر عمر میں آپ کا یہ عمل ہوا کہ جب آپ میدان جنگ میں آتے تو بے زرہ صفوں پر حملہ کرتے تھے، آپ کا سینہ کھلا ہوا تن برہنہ سب سپاہیوں کے آگے آگے دشمن پر چلتا تھا، آپ ہی کی پڑتی تھی، لوگوں نے پوچھا اے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے چچا اے صفوں کو چیرنے والے شیر، اے جوانمردوں کے بادشاہ، کیا آپ نے خدا کا حکم نہیں سنا، اپنے آپ ہلاکت میں نہ ڈالو۔ پس آپ جان بوجھ کر جنگ کے میدان میں موت کو کیوں دعوت دیتے ہیں۔ جس زمانے میں آپ جوان تھے، مضبوط و قوی تھے اس زمانے میں تو جنگ میں بے زرہ نہ جاتے تھے۔ اب جبکہ آپ بوڑھے اور کمزور ہو گئے ہیں تو بے پروائی کرتے ہیں بھلا تلوار کس کی رعایت کرتی ہے اور حالات و تیر کو امیر و فقیر کی تمیز کہاں ہے، یہ تو بہت نامناسب ہے کہ آپ جیسا شیر دشمن کے ہاتھوں مارا جائے۔

یہ خیر خواہ ہمدردوں نے اس قسم کی بہت سی نصیحتیں کیں اور بحث و تکرار کی۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا کہ جب جوان تھا تو دیکھتا تھا کہ موت سے یہ جہان ہمیشہ کے لیے چھٹ جاتا ہے لیکن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لطف سے میں اب اس شہر فانی کا گرفتار نہیں۔ اس جاہلیت کی جوانی میں مجھے زندگی عزیز تھی اور اب اسلام کے بڑھاپے میں موت زیادہ پیاری ہے۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ ، شمارہ نمبر ۱۵

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا

۱۵ اکتوبر ۱۹۷۵ء مطابق ۱۰ شوال ۱۳۹۵ھ

پاکستان اور بنگلہ دیش - سفارتی تعلقات

سفیروں کا تبادلہ بہت جلد عمل میں آجائے گا

نیویارک میں دونوں ملکوں کے نمائندوں کا مشترکہ اعلان

بنگلہ دیش نے سفیروں کے تبادلے کے لئے کوئی پیشگی شرط عائد نہیں کی۔

یحییٰ خاں پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے اور حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ شائع کی جائے

ہفت روزہ "ادا کار" پر پابندی نامناسب ہے ۔ مفتی محمود



Eid congregation at the Badshahi Mosque, Lahore.–

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper

SUBSCRIPTION RATES:

☐	1 Year Air Mail/1st Class	$ 8.00
☐	2 Years Air Mail/1st Class	$14.00
☐	6 Months Air Mail/1st Class	$ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone. (416) 49[illegible]

Name

Address

Postal Code

Telephone No

دستور کے مطابق ملک کے کسی صوبے کو تقسیم نہیں کیا جاسکتا

پیپلز پارٹی نے کبھی کسی صوبے کو تقسیم کرنے کی کوشش نہیں کی

سندھ میں آباد کاروں کو ہرگز پریشان نہیں کیا جا رہا : عبدالحفیظ پیرزادہ